حدائقِ بخشش

اِنَّ مِنَ الشِّعرِ لَحِکمَۃً وَاِنَّ مِنَ البَیَانِ لَسِحرً

سرکارِ اعلیٰ حضرت مجددِ دین و ملت

مولانا **احمد رضا خان** صاحب بریلوی

قدس سرہٗ کے نعتیہ کلام کا مجموعہ

حصہ اوّل

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ۔ غزنی سٹریٹ ۔ اردو بازار ۔ لاہور

فون: 7124354

نام کتاب	ـــــــــ	حدائقِ بخشش
مصنف	ـــــــــ	اعلیحضرت امام احمد رضا خاں بریلوی
ناشر	ـــــــــ	چوہدری غلام رسول
پرنٹرز	ـــــــــ	زاہد بشیر پرنٹرز لاہور
بار اوّل	ـــــــــ	سنہ ۱۹۹۷ء
تعداد	ـــــــــ	۱۱۰۰، گیارہ سو
کتابت	ـــــــــ	افضل محمود چٹھہ
قیمت	ـــــــــ	روپے۔ مجلد ڈائی دار
	ـــــــــ	روپے۔ ڈسٹ کور

ملنے کے پتے

- پروگریسو بکس ○ فیصل مسجد ○ اسلام آباد
- اسلام بک ڈپو ○ ۱۲۔ گنج بخش روڈ ○ لاہور

ذریعۂ قادریہ

۱۳۰۵ھ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی
سَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ ط وَاٰلِہٖ وَابْنِہٖ وَحِزْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

وصلِ اوّل

در نعتِ اکرم حضور سیّدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

واہ کیا جود و کرم ہے شہِ بطحا تیرا
نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

دھارے چلتے ہیں عطا کے وہ ہے قطرہ تیرا
تارے کھلتے ہیں سخا کے وہ ہے ذرّہ تیرا

فیض ہے یا شہِ تسنیم نرالا تیرا
آپ پیاسوں کے تجسّس میں ہے دریا تیرا

اغنیاء پلتے ہیں در سے وہ ہے باڑا تیرا
اصفیاء چلتے ہیں سر سے وہ ہے رستا تیرا

فرش والے تیری شوکت کا علو کیا جانیں
خسروا! عرش پہ اڑتا ہے پھریرا تیرا

آسماں خوان، زمیں خوان، زمانہ مہمان
صاحبِ خانہ لقب کس کا ہے؟ تیرا تیرا

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محبّ میں نہیں میرا تیرا

تیرے قدموں میں جو ہیں غیر کا منہ کیا دیکھیں
کون نظروں پہ چڑھے دیکھ کے تلوا تیرا

بحر سائل کا ہوں سائل نہ کنویں کا پیاسا
خود بجھا جائے کلیجا مرا چھینٹا تیرا

چور حاکم سے چھپا کرتے ہیں یاں اسکے خلاف
تیرے دامن میں چھپے چور انوکھا تیرا